قرآن سب کے لیے، ہر دل میں، ہر ہاتھ میں

# الھدیٰ نیوز لیٹر

جنوری تا اپریل 2018، ربیع الثانی تا رجب 1439ھ | شمارہ 7

قرآن وسنت کی تعلیم کے ذریعے انسانیت کی خدمت جو کہ دنیا میں امن اور آخرت میں کامیابی حاصل کرنے کا باعث ہے

اخلاص امانت وصداقت صبر واستقامت خیر خواہی لگن نظم وضبط عزت واحترام

## رمضان : شَهْرُ الْقُرْآنِ وَالْاِحْسَانِ

فرمانِ الٰہی ہے:''رمضان وہ مہینہ ہے جس میں قرآن نازل کیا گیا...'' [البقرۃ:105]

رمضان المبارک کی آمد کے ساتھ ہی قرآن مجید کے ساتھ تعلق مضبوط کرنے اور ذاتی واجتماعی اصلاح کا سنہری موقع بھی میسر آنے والا ہے۔اس مقصد کے لیے درج ذیل عادات کو معمول بنانے کی کوشش کریں:

**تلاوت قرآن:** عام دنوں کی نسبت اس مہینے میں تلاوت قرآن پر زیادہ وقت لگائیں۔

**حفظ قرآن:** قرآن مجید کا کچھ حصہ حفظ کرنے کی کوشش کریں یا حفظ کیے ہوئے کی دہرائی کرنے کا اہتمام کریں۔

**قیام اللیل:** تراویح میں مکمل قرآن مجید سننے کا اہتمام کریں۔

**تعلیم قرآن:** قرآن مجید کو سیکھنے یا سکھانے کے لیے مجالس میں شرکت کریں یا گھر بیٹھے آن لائن سنیں۔

**تدبر قرآن:** قرآن مجید کی آیات پر غور وفکر کرنا بھی بہت اجر کا باعث ہے اس لیے دن کا کچھ حصہ اس کے لیے وقف کریں۔

**دعوت قرآن:** اپنے اہل وعیال اور دوستوں کو بھی قرآن مجید پڑھنے کی طرف متوجہ کریں۔

دیگر عبادات اور معاملات کو احسان کے درجے پر لانے کی کوشش کریں۔انسانوں کے ساتھ ہمدردی اور احسان کا معاملہ کرتے ہوئے، اللہ تعالیٰ کے دیے ہوئے مال اور صلاحیتوں کو استعمال کر کے ان کو فائدہ پہنچائیں۔

- ضرورت مند افراد کی مدد کریں۔
- رشتہ داروں سے صلہ رحمی کریں اور ان کی ضروریات جان کر حتی الوسع ان کی مدد کریں۔
- مساجد و دیگر دینی ورفاہی اداروں اور ہسپتالوں کی تعمیر وترقی میں اپنا حصہ ڈالیں۔
- مستحق افراد کے لیے راشن کا بندوبست کریں۔
- ملازمین کو کاموں میں رعایت دیں۔

اللہ تعالیٰ ہم سب کو اخلاصِ نیت کے ساتھ احسان کے درجے میں نیک اعمال کرنے کی توفیق عطا فرمائے۔آمین

معزز قارئین، السلام علیکم ورحمۃ اللہ وبرکاتہ

ڈاکٹر فرحت ہاشمی صاحبہ کی والدہ اور ہماری نہایت محترم، شفیق، منکسر المزاج اور الھدیٰ کی ذہین بزرگ طالبہ جن کو سب نانی اماں کے نام سے جانتے ہیں، ہم سے جدا ہو گئیں۔انہوں نے اپنی زندگی اللہ تعالیٰ کے احکامات کے مطابق گزاری اور دنیا سے جاتے ہوئے بھی یہی عملی سبق دیا۔ان کی زندگی کے واقعات کو ہماری عزیز ساتھی کوثر فیض صاحبہ نے ''نانی اماں'' کے عنوان سے شائع کردہ کتاب میں خوبصورتی سے بیان کیا ہے۔وہ ایک مثالی خاتون تھیں۔ ماں جیسی ہستی کی دائمی جدائی برداشت کرنا آسان نہیں لیکن ڈاکٹر فرحت ہاشمی صاحبہ نے اس موقع پر ہم سب کے لیے عملی نمونہ پیش کیا اور اللہ تعالیٰ کے حکم کے مطابق صبر کا مظاہرہ کرتے ہوئے کہا ''ہم اللہ کی رضا میں راضی ہیں''۔یہ ہے اللہ تعالیٰ کے نیک بندوں کا طرز عمل اور مومن کی پہچان!۔

الحمد للہ ایک مرتبہ پھر ہمیں رمضان کے بابرکت مہینے میں رحمتیں اور برکتیں سمیٹنے کا موقع مل رہا ہے۔حسب سابق اس مرتبہ بھی ملک کے اندر اور باہر مختلف مقامات پر دورۂ قرآن کے انتظامات کیے گیے ہیں۔ ہماری دعا ہے کہ ہم سب اس سے زیادہ سے زیادہ مستفید ہوں اور اللہ تعالیٰ کی خوشنودی حاصل کر سکیں۔آمین۔اللہ تعالیٰ کے فضل وکرم سے الھدیٰ انٹرنیشنل کے تحت اندرون اور بیرون ملک برانچز میں تکمیل قرآن کی تقریبات ہوئیں اور بہت سی جگہوں پر نئے کورسز کا اجرا ہوا۔الحمد للہ قرآن ہر دل اور ہر ہاتھ تک پہنچ رہا ہے۔آپ کی آراء ہمارے لیے بہت اہم ہیں۔

طاہرہ خان

## اہم خبریں

- **اِنَّالِلّٰهِ وَاِنَّا اِلَيْهِ رٰجِعُوْن**

ڈاکٹر فرحت ہاشمی صاحبہ کی والدہ محترمہ 19 فروری کو قضائے الٰہی سے وفات پا گئیں۔ہم سب کی ہر دل عزیز نانی امّاں کے سفر آخرت کی جھلکیاں اندرونی صفحات پر ملاحظہ فرمائیں۔

- **دوروزہ کانفرنس میں الھدیٰ کی شمولیت**

بین الاقوامی اسلامی یونیورسٹی اسلام آباد میں 28,27 فروری کو منعقد ہونے والی ''عصر حاضر میں علومِ اسلامیہ کی تدریس وترویج میں خواتین کا کردار'' کے عنوان سے کانفرنس میں الھدیٰ انٹرنیشنل کے حوالہ سے بھی مقالہ جات پڑھے گئے۔تفصیلات اندرونی صفحات پر ملاحظہ فرمائیں۔

- **الھدیٰ اسلام آباد میں سالانہ کانووکیشن**

الھدیٰ اسلام آباد میں 28 اپریل کو انسٹیٹیوٹ کے سالانہ کانووکیشن کے موقع پر ایک پروقار تقریب منعقد ہوئی جس میں تعلیم القرآن، تدبر القرآن، تعلیم التجوید اور تعلیم الحدیث کورسز سے فارغ التحصیل طالبات کے علاوہ الھدیٰ سٹاف وطالبات اور دیگر مہمانان گرامی نے بھی شرکت کی۔استاذہ ڈاکٹر فرحت ہاشمی نے اس موقع پر کتاب ''اظہار زینت کس کے لیے؟'' جو سورت النور کی ایک آیت کی تفسیر پر مبنی ہے، پڑھائی جس سے حاضرین مجلس اور آن لائن سامعین مستفید ہوئے۔ تقریب کے اختتام پر نمایاں کامیابی حاصل کرنے والی طالبات میں انعامات بھی تقسیم کیے گیے۔




- **الھدیٰ انٹرنیشنل سکول ترقی کے سفر پر گامزن**

اللہ تعالیٰ کے فضل وکرم سے اسلام آباد اور کراچی کے بعد اب پشاور اور فیصل آباد میں بھی AIS کا قیام عمل میں لایا گیا ہے۔

# علم کی شمع سے ہو مجھ کو محبت یا ربّ

## قرآن ہر دل میں ہر ہاتھ میں

### فیصل آباد میں قرآن کورس برائے طلبا کی تکمیل

الہدیٰ فیصل آباد برانچ میں لڑکوں کے لیے شروع کیا جانے والا ایک سالہ قرآن کورس پایہ تکمیل کو پہنچا۔اس موقع پر ایک تقریب کا انعقاد کیا گیا جس میں فارغ التحصیل طلبا میں سرٹیفیکیٹ تقسیم کیے گیے ۔

### کولمبو، سری لنکا میں پہلی کانوکیشن تقریب

الہدیٰ کولمبو انسٹیٹیوٹ میں 29 مارچ 2018 کو تعلیم القرآن اور روح البیان کورس کا کانووکیشن منعقد کیا گیا جس میں مقامی طالبات کے علاوہ مالدیپ اور ملائشیا سے آن لائن قرآن کورس کی طالبات نے بھی شرکت کی۔

### آن لائن فہم القرآن کورس کی تکمیل

سوشل میڈیا کے ذریعے کروائے جانے والے فہم القرآن کورس کے مکمل ہونے پر ڈائریکٹر ریجنز یاسمین خاکوانی کے زیر صدارت ایک تقریب کا انعقاد کیا گیا۔کورس مکمل کرنے والی طالبات نے سعودی عرب،شارجہ، ابوظہبی،کویت،سپین، انڈیا اور آسٹریلیا سے اس تقریب میں آن لائن شرکت کی۔

### آسٹریلیا میں تکمیل قرآن

الہدیٰ آسٹریلیا میں فہم القرآن،روشنی کا سفر اور سمر کورسز کی تکمیل منعقد ہوئی جس میں فارغ التحصیل طالبات میں سرٹیفیکیٹ اور انعامات تقسیم کیے گیے ۔120 سے زائد خواتین نے تقریب میں شرکت کی۔ اس موقع پر شیخ ابوحمزہ کو بطور مہمانِ خصوصی مدعو کیا گیا تھا۔

### آسٹریلیا میں مرد حضرات کے لیے فہم القرآن کورس کا آغاز

الہدیٰ آسٹریلیا برانچ میں ڈاکٹر ادریس زبیر کی آڈیو تفسیر پر مبنی فہم القرآن کورس کا آغاز ہوا۔پہلے ہی دن تقریباً 25 حضرات نے اس کورس میں داخلہ لیا۔

### قرآن مجید کا بھاشا زبان میں لفظی ترجمہ

الہدیٰ آن لائن قرآن کورس کی طالبہ جن کا تعلق ملائشیا سے ہے، بھاشا زبان میں قرآن مجید کا لفظی ترجمہ مرتب کر رہی ہیں۔

### کراچی میں ’’مسلم ہیروز‘‘ کلاس

الہدیٰ کراچی خواتین کلب اور نارتھ ناظم آباد برانچ میں ڈائریکٹر ریجنز یاسمین خاکوانی صاحبہ نے ’’مسلم ہیروز‘‘ پر مبنی لیکچرز دیے۔150 سے زائد طالبات و سٹاف نے ان ایمان افروز کلاسز سے استفادہ کیا۔



### کاروانِ علم ہے رواں دواں

ڈاکٹر فرحت ہاشمی صاحبہ نے علم کے نور کو پھیلانے کے لیے ملک کے طول و عرض میں کئی شہروں کا دورہ کیا جس سے نہ صرف مقامی لوگ مستفید ہوئے بلکہ آن لائن سٹریمنگ کے ذریعے لوگوں کی ایک کثیر تعداد نے فائدہ اٹھایا۔

- **رحیم یار خان:** ’’صحیح بخاری‘‘، ’’فقہ القلوب‘‘ الہدیٰ اسلامک سینٹر اسلامیہ ٹاؤن بائی پاس روڈ، (1 تا 3 فروری)
- **لاہور:** ’’الصّلاۃ من کلام ابنِ القیّم ‘‘کورس، لیبرٹی کیسل مین بلیوارڈ گلبرگ، (5 تا 17 فروری)
- **میاں چنّوں:** ’’علم کی فضیلت‘‘، لیکچر، (4 مارچ)
- **وہاڑی:** ’’ذاتی اصلاح کیسے کریں؟‘‘ لیکچر (4 مارچ)
- **ملتان:** ’’صحیح بخاری‘‘، آفیسرز برانچ، ’’ کامیابی کے راستے سورۃ الاعلیٰ کی روشنی میں‘‘، لیکچر، شاہ جہاں، (5 مارچ)

  ’’صحیح بخاری‘‘، آفیسرز برانچ ’’عباد الرحمٰن کی صفات‘‘، لیکچر، فضل ہاؤس کینٹ (6 مارچ)

  ’’نماز قربِ الٰہی کا ذریعہ‘‘، لیکچر، آفیسرز برانچ اور گلگشت کالونی (7 مارچ)

  ’’فکر آخرت‘‘، لیکچر، بمقام ملتان انسٹیٹیوٹ آف ہیلتھ سائنس ملتان پبلک سکول روڈ، (8 مارچ)
- **پشاور:** ’’فقہ القلوب‘‘، شیراز گیدرنگ نزد باب خیبر فلائی اوور (13 اپریل)

  ’’مقصد حیات‘‘، لیکچر، چیف منسٹر ہاؤس (13 اپریل)

  ’’معالج اور مریض کا باہمی تعلق‘‘، رحمان میڈیکل انسٹیٹیوٹ (14 اپریل)

  ’’نظر اور اس کے اثرات‘‘، لیکچر، گورنر ہاؤس (14 اپریل)
- **کوہاٹ:** ’’آخرت کی تیاری‘‘، لیکچر، کوہاٹ کینٹ (15 اپریل)



### دو روزہ کانفرنس میں الہدیٰ کی شمولیت

بین الاقوامی اسلامی یونیورسٹی اسلام آباد کے کلیہ اصول الدین کے تحت دو روزہ بین الاقوامی کانفرنس 28,27 فروری کو منعقد ہوئی۔کانفرنس کا موضوع ’’عصرِ حاضر میں علومِ اسلامیہ کی تدریس و ترویج میں خواتین کا کردار‘‘ تھا۔ڈاکٹر فرحت ہاشمی صاحبہ نے صدارت کے فرائض انجام دیے۔اس کانفرنس میں الہدیٰ انٹرنیشنل کے حوالہ سے بھی مقالہ جات پڑھے گیے ۔الہدیٰ کی جانب سے زبیدہ عزیز صاحبہ نے ’’پسماندہ خواتین کی معاشرتی اصلاحات میں الہدیٰ کی دینی خدمات کا جائزہ‘‘ کے عنوان سے مقالہ پیش کیا۔الہدیٰ سے فارغ التحصیل طالبہ رخسانہ وڑائچ نے الہدیٰ کی ’’بانی و چیئر پرسن ڈاکٹر فرحت ہاشمی صاحبہ کی شخصیت اور علمی خدمات‘‘ کے تحت ریسرچ پیپر پیش کیا۔

### AIS اسلام آباد میں سالانہ دن... امید کا سفر

الہدیٰ انٹرنیشنل سکول اسلام آباد کے پانچویں سالانہ دن کی تقریب 28,27 فروری کو پاک چائنا سینٹر میں منعقد ہوئی۔مستقبل کے ان معماروں نے تجربہ کار اور محنتی اساتذہ کی مدد سے قوم کو امید کا پیغام دیا جو قابل تعریف ہے۔

### طب نبوی ﷺ پر لیکچر

الہدیٰ DHA کراچی میں ڈاکٹر ذکیہ ہاشمی صاحبہ نے طب نبوی ﷺ کے موضوع پر لیکچر دیا جس میں سنت نبوی ﷺ کے مطابق صحیح غذا کے استعمال اور دور حاضر میں اس کی اہمیت سے متعارف کروایا۔

### الہدیٰ انسٹیٹیوٹ برائے طلبا (AIM) میں دو روزہ سیمینار

الہدیٰ انسٹیٹیوٹ برائے طلبا اسلام آباد میں 25,24 مارچ 2018 کو ’’سبل السلام‘‘ کے نام سے دو روزہ سیمینار کا اہتمام کیا گیا جس میں نامور علما کو مدعو کیا گیا تھا۔مقررین نے دور حاضر کے اہم موضوعات پر نہایت جامع اور مؤثر انداز میں اظہار خیال کیا۔اس خصوصی موقع پر وڈیو سٹریمنگ کے ذریعے لائیو کوریج کی گئی جس سے لوگوں کی کثیر تعداد نے استفادہ کیا۔

### صحیح البخاری کتاب التفسیر مکمل ہونے پر ایک طالبہ کے تاثرات

ہم سہارا لیتے ہیں صحیح احادیث کا　　ہمیں محبت ہے قتادہؒ و عکرمہؒ سے
جب ہمیں سمجھنا ہو قرآن کو　　سراہیں گے عبداللہؓ ہی کے بیان کو

اپنوں نے بیان کر دیے الفاظ کے معنی　　بتائے سب نے آیات کے سبب نزول
ہمیں مشقت نہ ہو سمجھنے میں قرآن کو　　کتاب التفسیر بڑھائے جذبہ ایمان کو

امام بخاریؒ کی احادیث لانے کی ترتیب　　ان کی کوششوں، محنتوں کے قدردان ہیں ہم
پر جوش رکھے بہت پڑھنے میں انسان کو　　اب بہتر سمجھ آتا ہے جب پڑھیں قرآن کو

اللہ ان پر رحمتوں کا نزول عام کرے　　اونچا آخرت میں ان کا مقام کرے
جنہوں نے پہنچایا ہے نبی ﷺ کے فرمان کو　　حشر میں ربّ سایہ بنائے ان پہ قرآن کو

ہاجرہ ۔طالبہ تعلیم القرآن کورس

# ہو میرا کام غریبوں کی حمایت کرنا

Al-Huda Cares!

## رمضان راشن پروگرام

ہر سال کی طرح اس سال بھی الھدیٰ انٹرنیشنل ماہِ رمضان میں اپنے ضرورت مند ہم وطنوں کے لیے راشن فراہم کر رہا ہے۔ ایک راشن پیک کی قیمت 2600 روپے ہے۔

## سندھ کے دور دراز علاقوں میں علمی و فلاحی سرگرمیاں

ڈاکٹر فرحت ہاشمی صاحبہ نے اپنے دورۂ سندھ کے دوران مختلف کاموں کو منظم کرنے کے لیے کئی اقدامات کیے جن میں صاف پانی کی فراہمی، مساجد کی تعمیر، مستحق افراد میں راشن و دیگر اشیائے ضرورت کی فراہمی کے علاوہ قاری حضرات کی ٹریننگ کا بندوبست بھی کیا گیا۔ ان کاموں کو مزید منظم کرنے کے لیے سعدیہ بخاری صاحبہ کو سندھ کے پس ماندہ علاقوں کی کوآرڈینیٹر مقرر کیا گیا ہے۔

## راشن اور گرم کپڑوں کی تقسیم

الھدیٰ مظفر آباد ٹیم نے جنوری 2018 میں مظفر آباد کے مختلف علاقوں، ساترہ، مہاجر کیمپ، جمال فاؤنڈیشن، SOS، کومی کوٹ کے مستحق اور ضرورت مند خاندانوں میں راشن اور گرم کپڑے تقسیم کیے۔ الھدیٰ مانسہرہ اور ایبٹ آباد برانچ کی سٹاف ممبرز نے بھی دور دراز کے علاقہ جات کے مستحق افراد میں گرم کپڑے تقسیم کیے۔



## Pencils for peace

الھدیٰ ایلیمنٹری سکول کینیڈا نے شام، یمن، میانمار اور عراق کے جنگ زدہ علاقوں کے بچوں کی تعلیمی معاونت کے لیے Pencils for peace مہم کا آغاز کیا۔ ساتویں جماعت کے طلبا نے پنسل قلم، بٹن، مگ اور دیگر اشیاء کا سٹال لگایا جس سے حاصل ہونے والی رقم اسلامک ریلیف کینیڈا کو عطیہ کی گئی۔

## حج ایوارڈ

الھدیٰ ملتان کی حاجیوں کے لیے کی گئی خدمات کو سراہتے ہوئے وزارت مذہبی امور کی ذیلی شاخ Inter Faith Harmony ملتان کے ڈائریکٹر نے انہیں ایوارڈ سے نوازا۔

## سندھ میں فراہمی آب

الھدیٰ کراچی شعبہ خدمت خلق کی زیرِ نگرانی تھرپارکر میں لوگوں کو صاف پانی کی فراہمی کے لیے ایک کنواں کھدوایا گیا جس سے ملحقہ کئی دیہاتوں کے مکین مستفید ہو رہے ہیں۔

### بینک تفصیلات

اکاؤنٹ ٹائٹل: الھدیٰ انٹرنیشنل ویلفیئر فاؤنڈیشن
اکاؤنٹ نمبر: 200126818
اکاؤنٹ ٹائپ: PKR
برانچ کوڈ: 1739 | سوئفٹ کوڈ: UNILPKKA
آئی بی اے این: PK65UNIL0109000200126818
بینک: یونائٹڈ بینک لمیٹڈ F-8 مرکز برانچ، اسلام آباد
آن لائن عطیات: www.alhudapk.com/donate

## نامور جرنلسٹ شاہ بانو میر کے الھدیٰ کے بارے میں تاثرات

میں ڈاکٹر فرحت ہاشمی صاحبہ کو ماہِ رمضان میں سنا کرتی تھی۔ اپنی محسن استاذہ سے ملاقات کرنے اور الھدیٰ دیکھنے کا شوق اتنا تھا کہ رو رو کر دعائیں کیں اور ان دعاؤں کو اللہ نے شرفِ قبولیت بخشا۔ الھدیٰ میں استاذہ کے سامنے طالب علم بن کر بیٹھنے کی ایک دیرینہ خواہش پوری ہوگئی۔ کشادہ ہال میں بیٹھی ہوئی طالبات کی کثیر تعداد جو سفید، نیلے کلر کے اسکارف اوڑھے سکینت سے دین کا علم حاصل کر رہی تھیں۔ اعلیٰ معیاری اور باوقار اندازِ تعلیم یہ خبر دے رہا تھا کہ یہ ہم سننے والوں کی زندگی کا رخ موڑنے اور اسے درست راستے پر لے جانے والا ہے۔ طالبات پورے اعتماد کے ساتھ دورانِ کلاس اپنی سوچ کا اظہار کرتی رہیں۔ ایک گہرا تاثر ملا کہ یہاں لہجے کا اعتماد تشکیل دیا جاتا ہے۔ یہاں استاد، مستقبل کے استاد تعمیر کرنے کی سعی میں ہیں۔ بخاری شریف کی اس کلاس میں طالبات کو اعتماد دینے کی یہ کوشش بہت بھلی لگی۔ آج الھدیٰ آ کر یہ احساس ہوا کہ پاکستان اتنے طوفانوں میں بھی دشمنوں کے سامنے کیسے مضبوطی سے کھڑا ہے۔ یہ یہاں کی انتظامیہ کی پرسکون دینی کاوشوں کو دیکھ کر پتہ چلا۔ اللہ اور ہمارے نبی ﷺ کے پیغام کی گونج جب تک اخلاص کے ساتھ گونجتی رہے گی ان شاء اللہ اس دین، اس امت، اس قوم، اس ملک کو کوئی زوال نہیں۔ الھدیٰ کی کامیابی کی ایک وجہ اس کی مضبوط انتظامی ٹیم ہے جو تجربہ کار جہاندیدہ خواتین پر مشتمل ہے جن کے چہروں پر ادارے کے لیے محبت پڑھی جاسکتی ہے۔ خواتین کے ایسے تربیتی کامیاب مربوط اداروں کی وطن عزیز کے چپے چپے میں ضرورت ہے۔ استاذہ فرحت ہاشمی صاحبہ کی ذات کے احاطے اور ان کی دینی خدمات کے لیے الفاظ کھوجنے ہوں گے۔ تلاش جاری ہے۔۔۔

## سورۃ الاعلیٰ کی روشنی میں... کامیابی کے راستے



زندگی میں کامیابی اور کاموں میں آسانی کے لیے بہترین نسخہ:

- **کثرت سے اللہ تعالیٰ کا ذکر کرنا:**

نمازوں کو وقت پر خشوع وخضوع کے ساتھ ادا کرنا۔ اللہ تعالیٰ کی نشانیوں میں غور و فکر کرنا، تسبیحات کرنا، قرآن کی تلاوت و حفظ کے ساتھ ساتھ اس کو سمجھ کر پڑھنا۔ روزانہ تسبیحات اور تلاوتِ قرآن کا ہدف مقرر کرنا۔ ان کاموں کے نتیجے میں اللہ تعالیٰ دنیا کی مشکلات سے اور آخرت کے عذاب سے بچاتا ہے۔ تسبیح کرنے سے مخلوق کو رزق ملتا ہے۔ تسبیحات کے کلمات عرش کے گرد چکر لگاتے ہیں اور کلمات کہنے والے کا ذکر اللہ تعالیٰ سے کرتے ہیں۔ دل کی گھٹن اور تنگی کا علاج تسبیح ہے۔ اسی طرح تسبیح کرنا صدقہ بھی ہے۔ کام کاج کے دوران، سیر کرتے ہوئے، نمازوں کے بعد، رات کو سوتے وقت، رات کو اٹھنے پر، بجلی کڑکنے پر تسبیح کرنے سے کاموں میں آسانی ہوتی ہے۔

- **تقویٰ اختیار کرنا**

اللہ تعالیٰ کے ڈر سے گناہ چھوڑ دینا اور نفس کا تزکیہ کرنا دنیا و آخرت میں کامیابی کی ضمانت ہے۔

- **لوگوں کے لیے فائدہ مند بننا**

ان پر خرچ کرنا، اپنے مال، قوت، علم اور صلاحیتوں کو لوگوں کی بہتری کے لیے استعمال کرنے سے اللہ تعالیٰ دنیا اور آخرت میں آپ کے لیے آسانیاں فرمائے گا۔

- **لوگوں سے اچھے اخلاق سے پیش آنا**

اچھا اخلاق قیامت کے دن میزان میں بہت وزنی ہوگا۔

- **دعائیں کرنا**

کامیاب ہونے کے لیے اللہ تعالیٰ سے دعائیں کرنا۔ حالات کی آسانی کے لیے دعائیں:

رَبِّ اشْرَحْ لِیْ صَدْرِیْ ۝ وَیَسِّرْ لِیْٓ اَمْرِیْ ۝

اے میرے ربّ میرے لئے میرا سینہ کھول دے اور میرے لیے میرا کام آسان کردے۔ [طٰہٰ 28-25]

اَللّٰھُمَّ لَا سَھْلَ اِلَّا مَا جَعَلْتَہٗ سَھْلًا وَاَنْتَ تَجْعَلُ الْحَزْنَ سَھْلًا اِذَا شِئْتَ ۝

اے اللہ کوئی کام آسان نہیں مگر جسے تو آسان کردے اور جب تو چاہتا ہے مشکل کو آسان کر دیتا ہے۔

- **اللہ تعالیٰ کے لیے نیت خالص کرنا**

ہر کام کرتے ہوئے یہ نیت ہونی چاہیے کہ ربّ مجھ سے راضی ہو جائے۔

از استاذہ ڈاکٹر فرحت ہاشمی
اسرا یونیورسٹی حیدر آباد سندھ

# آہ!..... روانگی کا وقت آگیا

## استاذہ کی والدہ محترمہ کا سفرِ آخرت

ڈاکٹر فرحت ہاشمی صاحبہ کی والدہ محترمہ دینی رجحان رکھتی تھیں اور زندگی کے آخری لمحات تک وہ دین کا علم حاصل کرتی رہیں۔ اپنی ذاتی عبادات کے علاوہ وہ روزانہ شوق سے الہدیٰ آتیں اور کلاس میں حاضر ہوتیں۔ اپنی وفات سے چار روز قبل بھی بدھ کے روز وہ الہدیٰ آئیں اور تعلیم القرآن کورس اور بخاری کی کلاس میں حاضر ہوئیں۔ اس روز ہم سوچ بھی نہیں سکتے تھے کہ وہ اس قدر جلد ہم سے بچھڑ جائیں گی۔ جمعرات کے روز اشراق کی نماز پڑھتے ہوئے ان کو تکلیف محسوس ہوئی اور انہیں فوراً ہسپتال پہنچایا گیا۔ چار روز وہ ہسپتال میں زیرِ علاج رہیں۔

19 فروری بروز سوموار استاذہ محترمہ نے بخاری کی کلاس کا وقت صبح دس بجے کر دیا۔ شاید ہی کبھی ایسا ہوا ہو کہ استاذہ نے کلاس اپنے مقررہ وقت کے علاوہ کسی اور وقت میں لی ہو۔ لیکن علم و عمل سے محبت رکھنے والوں کے لیے اللہ تعالیٰ حالات و واقعات کو ان کے موافق کر دیتا ہے۔ والدہ محترمہ اس وقت ہسپتال میں انتہائی نگہداشت کے شعبہ میں زیرِ علاج تھیں۔ گیارہ بجے کلاس ختم ہوئی اور جونہی استاذہ ہسپتال پہنچیں تو کچھ دیر بعد والدہ محترمہ اس دارِ فانی سے کوچ کر گئیں۔ وفات کے بعد رخصتی کی تیاری میں ہر کام سنت کے مطابق ترتیب دیا گیا۔ غسل و تکفین کے بعد مرحومہ کا جنازہ انسٹیٹیوٹ ایریا میں کشادہ جگہ پر رکھا گیا۔ TQ-2 ہال میں مہمان خواتین کے بیٹھنے کا انتظام کیا گیا۔ مرد حضرات کے لیے الہدیٰ مسجد اور خواتین کے لیے مین ہال میں نماز جنازہ کا اہتمام کیا گیا۔ مغرب کی نماز کے بعد نماز جنازہ ادا کی گئی۔ اگلے روز بخاری کی کلاس کے بعد استاذہ نے قرآن اور احادیث کی روشنی میں طالبات کی راہنمائی کی کہ فوتگی کے موقع پر کیا کرنا چاہیے۔ استاذہ محترمہ غم کی شدت کے باوجود انتہائی صبر اور تحمل کے ساتھ کلاس لیتی رہیں۔ تین دن تک تعزیت کے لیے آنے والوں کا انتظام TQ-2 ہال میں کیا گیا تھا۔ استاذہ محترمہ کلاس کے بعد تعزیت کرنے والوں سے ملاقات کرتی رہیں۔

اللھم اغفرلھا و ارحمھا و عافھا۔۔۔ اللہ تعالیٰ ان کی بہترین بخشش فرمائے اور جنت الفردوس میں ان کے درجات بلند فرمائے۔ آمین

## اعتراف نعمت... منیر صاحب (مرحوم) کی زبانی

ہے الہدیٰ اس دور میں وہ کام کر رہا
جیسے خشک سے کھیت پر بادل برس پڑا

رحمت خدا کی جانیے اس الہدیٰ کو آپ
اور کیجیے بس شکر جتنا کر سکیں ادا

میڈم نے جس خلوص سے علم و فضل دیا
ماں باپ سے بھی ہو نہ سکے گا یہ حق ادا

ہر سال ثمر بار ہے یہ ایسا شجر ہے
رکھنا میرے مولا اسے یونہی ہرا بھرا

ہر ایک اس کے فیض سے ہو جائے فیض یاب
یا ربّ بنا دے الہدیٰ کی شاخ ہر جگہ


ہر بچی دے گی علم اپنے خاندان کو
جلتا رہے گا اس طرح دیئے سے اک دیا

یہ جتنی شمعیں آج جلاتا ہے الہدیٰ
کل ہوں گی اپنی اپنی جگہ ایک الہدیٰ

ہے الہدیٰ کا کوئی بھی ثانی نہیں منیؔر
کرتا ہوں اس کے واسطے میں روز و شب دعا

منیر صاحب، 10 جنوری 2018 کو اپنے خالق حقیقی سے جا ملے۔ وہ الہدیٰ کے ان دیرینہ خیر خواہوں میں سے تھے، جنہوں نے الہدیٰ اسلام آباد H-11 کی تعمیر میں بنیادی کردار ادا کیا۔ اللہ تعالیٰ ان کی مخلصانہ کوششوں کو قبول فرمائے اور ان کو جنت الفردوس میں بلند مقام عطا فرمائے۔ آمین

## الہدیٰ کی نئی مطبوعات










الصَّلاۃُ مِنْ کَلامِ ابْنِ الْقَیِّمِ (کتاب)، لَا اِلٰہَ اِلَّا اللّٰہ (کارڈ)
نانی اماں (کتاب)، اظہار زینت کس کے لیے؟ (کتاب)

سیدنا ابوہریرہؓ کہتے ہیں رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا:
"مرنے کے بعد انسان کے اعمال (کے ثواب کا سلسلہ) منقطع ہو جاتا ہے
سوائے تین چیزوں کے جن کا ثواب میت کو پہنچتا رہتا ہے:
صدقہ جاریہ، لوگوں کے لیے فائدہ مند علم اور نیک اولاد جو میت کے لیے دعا کرتی رہے"۔
[صحیح مسلم: 4223]




| امدادی درجہ بندی | روپے |
| --- | --- |
| ایک کلاس کی تعمیر کا خرچہ (اندازاً) | 2,500,000 |
| ایک کلاس روم کا فرنیچر | 110,000 |
| ایک کلاس روم کے لئے سرگرمی کا مواد | 90,700 |
| کمپیوٹرز | 1,950,000 |
| سائنس لیب فرنیچر اور آلات | 1,600,500 |
| لائبریری کی کتب اور دیگر وسائل | 1,150,000 |
| ایک پنکھا | 3,400 |
| سیمنٹ کا ایک تھیلا | 595 |
| ایک LED ٹیوب لائٹ اور فکسر | 1,750 |

BUILD the FUTURE

اکاؤنٹ ٹائٹل: الہدیٰ انٹرنیشنل سکول
اکاؤنٹ نمبر: 0164278002(PKR)
بینک کا نام: دبئی اسلامک بینک
برانچ کا نام: I-8 مرکز برانچ، اسلام آباد، پاکستان
برانچ کوڈ: 040
سوئفٹ کوڈ: DUIBPKKA
آئی بی این: PK71DUIB0S000000164278002
www.aispk.org/contribute

الہدیٰ انٹرنیشنل ویلفیئر فاؤنڈیشن
7- اے کے بروہی روڈ H-11/4 اسلام آباد پاکستان
فون: 9-4866125 51 92+ | ای میل: info@alhudapk.com
www.farhathashmi.com | www.alhudapk.com

ایڈیٹوریل ٹیم
سرپرست اعلیٰ: ڈاکٹر فرحت ہاشمی
مینیجنگ ایڈیٹر: ڈاکٹر فردوس روحی
ایڈیٹر: طاہرہ خان
ایسوسی ایٹ ایڈیٹر: مریم افضل
ڈیزائنر اینڈ کمپوزر: سدرہ زاہد